[As: INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**BILL**

*further to amend the Elections Act, 2017*

WHEREAS it is expedient further to amend the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:–

**1. Short title and commencement.**- (1) This Act may be called the Elections (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of section 138, Act XXXIII of 2017.**- In the Elections Act, 2017 (XXXIII of 2017), in Section 138, for full stop ".", the colon ":" shall be substituted and thereafter the following proviso shall be inserted, namely:-

"Provided that the extent of disclosure, under this section, shall give due regard to the balance between public interest for good governance and individual's privacy and security.".

"Provided further that the extent to which the first proviso apply shall be determined by the Speaker of the concerned Assembly and in case of Senate the Chairman.".

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

The purpose amendment is to ensure a balanced approach between transparency and the protection of individual rights. While the publication of statements of assets and liabilities serves a vital role in promoting public accountability, enhancing trust in public office, and ensuring good governance, it is recognized that unrestricted or excessive disclosure could potentially compromise the personal security and privacy of parliamentarians and their families.

**SD/-**
**SHAZIA MARRI**

Member, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) میں مزید ترمیم کی جائے:۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ انتخابات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء، دفعہ ۱۳۸ کی ترمیم:۔** انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء (نمبر ۳۳ بابت ۲۰۱۷ء) میں، دفعہ ۱۳۸ میں، وقف کامل "۔" کو شرحہ ":" سے تبدیل کردیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل جملہ شرطیہ شامل کردیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ہذا کے تحت افشاء کرنے کی حد تک، بہتر طرز حکمرانی اور افراد کی رازداری و سیکیورٹی کے لئے مفاد عامہ کے مابین توازن کو برقرار رکھے گی۔":

"مگر مزید شرط یہ ہے کہ وہ حد جس کے لئے پہلے جملہ شرطیہ کے اطلاق کا تعین متعلقہ اسمبلی کا اسپیکر اور سینیٹ کی صورت میں چیئرمین کرے گا۔"۔

### بیان اغراض و وجوہ

مجوزہ ترمیم کا مقصد شفافیت اور انفرادی حقوق کے تحفظ کے درمیان متوازن نقطہ نظر کو یقینی بنانا ہے۔ اگرچہ اثاثہ جات اور واجبات کے گوشواروں کی اشاعت عوامی احتساب کو فروغ دینے، عوامی عہدوں پر اعتماد بڑھانے اور بہتر طرز حکمرانی کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے، تاہم یہ امر تسلیم شدہ ہے کہ غیر محدود یا حد سے زیادہ افشاء کرنے سے اراکین پارلیمان اور ان کے خاندانوں کی ذاتی سیکیورٹی اور رازداری کو ممکنہ طور پر نقصان پہنچ سکتا ہے۔

دستخط/-

**شازیہ مری**

اراکین، قومی اسمبلی